بقیع
OCTOBER 2021
328
Regd. # MC-1177
32 سال سے شائع ہونے والے
ماہانہ سلسلہ اشاعت **بقیع** کا اشاریہ
اشاریہ
ماہنامہ بقیع
(۱۹۸۹ء تا ۲۰۲۱ء)
تقدیم
مولانا حافظ محمد رضوان قادری
(جنرل سیکریٹری جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان)
مرتب
خرم محمود سر سالوی
جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان
نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰
Ph : 021-32439799 Website : www.ishaateislam.net

اشاریہ

ماہ نامہ ”**بقیع**“ کراچی

(1989ء-2021ء)

مرتّب

خرم محمود سرسالوی

تقدیم

مولانا حافظ محمد رضوان رضا قادری نعیمی

(جنرل سیکریٹری ”جمعیّت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)“

جمعیتِ اشاعتِ اہلِ سنت پاکستان

کتاب : اشاریہ ماہ نامہ "بقیع" کراچی-پاکستان
مرتب : خرم محمود سرسالوی
سن اشاعت : صفر المظفر ۱۴۴۳ھ / اکتوبر 2021ء
سلسلہ اشاعت: 328
تعداد اشاعت : 4000
ناشر : جمعیّت اشاعت اہل سنّت (پاکستان)
نور مسجد کاغذی بازار، میٹھادر، کراچی
فون:021-32439799

خوشخبری : یہ رسالہ www.ishaateislam.net پر موجود ہے۔

فہرست

پیشِ لفظ

﴿زندہ رہتی ہیں تحریریں﴾

قلم و کتابت کی اہمیت وافادیت سے انکار ممکن نہیں۔ بطورِ مسلمان جب ہم قرآنِ کریم سے اس کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تو ہمیں خالقِ کائنات کا ایک ارشاد سورۂ علق کی آیت نمبر ۴ میں ملتا ہے:

''الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝۴''

ترجمہ: جس نے قلم سے لکھنا سکھایا۔ (کنزالایمان)

یعنی وہ رب عَزَّوَجَلَّ بڑا کریم ہے جس نے قلم سے لکھنا سکھایا جس کے ذریعے غائب اُمور کی پہچان حاصل ہوتی ہے۔ (خازن، العلق، تحت الآیۃ: ۴، ۴/۳۹۳)

اس آیت سے کتابت کی فضیلت ثابت ہوئی اور درحقیقت کتابت میں بڑے مَنافع اور فوائد ہیں، کتابت ہی سے علوم ضبط میں آتے ہیں، گزرے ہوئے لوگوں کی خبریں، ان کے احوال اور ان کے کلام محفوظ رہتے ہیں، اگر کتابت نہ ہوتی تو دین و دنیا کے کام قائم نہ رہ سکتے۔ (خازن، العلق، تحت الآیۃ: ۴، ۴/۳۹۳)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں، رسولِ کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: ''علم کو قید کر لو۔ میں نے عرض کی: اسے قید کرنا کیا ہے؟ ارشاد فرمایا ''علم کو لکھ لینا (اسے قید کرنا ہے)۔ (مستدرک، کتاب العلم، قیدوا العلم بالکتاب، ۱/۳۰۳، الحدیث: ۳۶۹)

قرآنِ حکیم کے نزدیک قلم و کتابت کی اہمیت کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کی ایک سورۂ مبارکہ کو القلم کا نام دیا گیا۔ مزید قلم کی قسم یاد فرمانے کے ساتھ ساتھ اُن چیزوں کی بھی قسم ذکر فرمائی جسے قلم لکھتا ہے۔

''نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝۱'' (القلم:۶۸/۱)

ترجمہ: قلم اور ان کے لکھے کی قسم۔(کنزالایمان)

ایک قول یہ ہے کہ اس آیت میں قلم سے مراد وہ قلم ہے جس سے لوگ لکھتے ہیں اور ''ان کے لکھے'' سے مراد لوگوں کی دینی تحریریں ہیں۔

مندرجہ بالا سطور سے قلم وکتابت کی اہمیت واضح طور پر بیان کر دینے کے بعد ربِ ذوالجلال کا بے حد شکر واحسان ہے کہ جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان) کے حصے میں یہ سعادت آئی کہ گزشتہ تقریباً ۳۲ سالوں سے دین کی ترویج و اشاعت کے لئے سلسلہ اشاعت جاری وساری ہے۔ اوراس ماہ اپنی ماہانہ اشاعت کے 328 ویں نمبر پر گزشتہ تمام اشاعتوں کا اشاریہ شائع کرنے کی سعی کی گئی جس سے یقیناً ہر خاص وعام کو فوائد حاصل ہوں گے۔

دعا ہے کہ رب ذوالجلال کتابانِ وحی اصحاب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے صدقے وطفیل اس سلسلہ کو تاقیامت جاری فرمائے اور قبولیت نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

محمد عرفان قادری ضیائی عفی عنہ
(بانی جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان))

مقدمہ

کسی تک اپنی بات پہنچانے کے دو ہی ذریعے ہیں ایک تقریر و تکلّم ہے دوسرا ذریعہ تحریر ہے اور تقریر و تکلّم کتنے ہی موثر کیوں نہ ہوں مگر ان کے اثرات قُلوب و اذہان پر ایک لمبے عرصے تک باقی نہیں رہتے بالآخر محو ہو جاتے ہیں۔ اس کے بر خلاف تحریر کے ذریعے جو بات کی جائے دوسروں تک پہنچائی جائے وہ محفوظ ہو جاتی ہے اس کے لکھنے والے کی اپنی شخصیت، قابلیت اور صلاحیتیں بھی محفوظ ہو جاتی ہیں اور جب تک وہ تحریر باقی رہے گی اسے پڑھنے والے باقی رہیں گے اور وہ تحریر دوسروں پر اثر انداز ہوتی رہے گی۔ پھر اس کا تعلق اُس تحریر کے موضوع، عنوان اور صاحبِ تحریر کی اپنی شخصیت اور قابلیت کے ساتھ بھی ہے۔

بہر حال لکھنے والے دنیا میں رہیں یا نہ رہیں مگر ان کی تحریر باقی رہتی ہے۔ ان کے جانے کے بعد بھی لوگ اُنہیں یاد رکھتے ہیں اور موضوع اچھا ہو گا اور تحریر خوبصورت ہو گی تو لوگ اس کی تعریف و توصیف کرتے ہیں اور یہ اُس تحریر والے کے عُلوِ مرتبت اور تحریر کے مقبول ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔ پھر ان تحریروں کو ایک طویل زمانے تک کار آمد رکھنے کے لئے اُن کی اشاعت ضروری قرار پاتی ہے اور یہ کام آسان نہیں ہے۔

دینِ اسلام کی ترویج و اشاعت ابتداءِ اسلام سے ہی جاری ہے۔ نبی کریم ﷺ اور آپ کے جانثار صحابہ نے اسے شروع کیا۔ حضور ﷺ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد اس کا دائرہ مزید وسیع ہوا۔ جیسے جیسے علاقے، ملک فتح ہوتے گئے حضراتِ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے بھی اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے اُن علاقوں کا رُخ کیا۔ اُن کے بعد حضراتِ تابعین کرام علیہم الرضوان، پھر تبع تابعین اس کام کو بحسن و خوبی انجام دیتے رہے۔ الغرض حالات کیسے بھی رہے ہر دَور میں ایسے بندے پیدا ہوتے رہے کہ

جن کے ذریعے یہ کام بلاتعطّل جاری وساری رہا اوران شاء اللہ تعالیٰ قیامت تک جاری رہے گا۔

پھر یہ کام انفرادی طور پر بھی ہوتا رہا اور اجتماعی طور پر بھی، جب تک علمِ دین کی ترویج واشاعت کی سرپرستی حکومتی سطح پر ہوتی رہی یہ کام بآسانی ہوتا رہا اور جب یہ سرپرستی نہ رہی تو یہ کام دشوار ہوگیا۔ اسی لئے ادارے، مدرسے، دارالعلوم، تنظیمیں، بزمیں بنانے کی ضرورت پیش آئی کہ جن میں کئی افراد مل کر اس کارِ خیر کو انجام دیں اوران میں سے بعض کی مالی معاونت ایک ہی فرد نے کی اور اکثر کی صاحبِ ثروت اہلِ اسلام نے مل کر اجتماعی طور پر کی۔ پھر جب معاونت کا رجحان کم ہونے لگا تواِن کو چلانے والوں نے چندے کا سہارا لیا، جب مدد کرنے والوں کی تعداد پھر کم ہونے لگی تو اِن کے منتظمین نے مسلمانوں سے اُن کی زکوٰۃ، صدقہ اور فطرہ وغیرہا لے کر خیر کے اس کام کو انجام دینا شروع کیا۔

پھر ادارہ، مدرسہ، جامعہ، تنظیم، بزم وغیرہا کے نام سے قائم کئے گئے ان مراکز کی اپنی اپنی ترجیحات رہیں بعض نے صرف قرآنِ کریم ناظرہ پڑھانے، حفظ کرانے، کچھ نے اس کے ساتھ مروّجہ درسِ نظامی کی تعلیم دینے، حدیث شریف پڑھانے اور بعض نے درسِ قرآن اور درسِ حدیث یا مختلف عنوانات پر تقاریر کروانے اور کچھ نے رسائل وجرائد کے اجراء، بعض نے دیگر کُتُبِ دینیہ شائع کرنے کو علمِ دین کی ترویج واشاعت کا ذریعہ بنایا اور ان میں سے کچھ نے ایک ایک یا دو دو ذرائع اور بعض نے ان تمامی ذرائع سے دین کی اشاعت، مذہب ومسلک کی ترویج کی کوشش کی۔ ان میں سے ایک اداراہ "جمعیّت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)" بھی ہے۔

"انجمن اشاعتِ اسلام" کے نام سے ایک تنظیم نے ایک عرصے تک اپنے وسائل کے مطابق مسلک ومذہب کی ترویج واشاعت کا کام کیا پھر جب ۱۹۸۱ء میں دعوتِ

اسلامی کا قیام عمل میں آیااور "انجمن اشاعتِ اسلام" کا یہ کام نہ ہونے کے برابر رہ گیاتو اللہ تعالیٰ نے دین کاکام لینے کے لئے محسنِ اہلسنّت حضرت علّامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مدظلہ کے دل میں خدمتِ دینی کا جذبہ پیدا فرمایا اور توفیق مرحمت فرمائی اور انہیں اچھے رفیق عطافرمائے اورانہوں نے اسی مقام پر ۱۹۹۱ء میں "جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)" کے نام سے کام کا آغاز کیا۔ ابتداء میں توبچوں اور بالغان کے لئے قرآن کی تعلیم، مختلف عنوانات سے عوام المسلمین کی اصلاح کی غرض سے تقاریر علماء اور رسائل کی مفت اشاعت اور ملک بھر میں اپنے ممبران تک ان کی ترسیل شروع کی۔ پھر ۱۹۹۲ء میں دن بھر کام کاج میں مصروف احباب کے لئے درسِ نظامی کی تعلیم کارات کے وقت میں آغاز حضرت علّامہ مولانا محمد عثمان برکاتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۱۴۴۳ھ / ستمبر ۲۰۲۱ء) کی تدریسی خدمات کے ساتھ ہوا۔

۲۰۰۰ء میں ایک دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا جس میں کچھ عرصہ بعد افتاء کی تربیت کے لئے علماء کرام نے بھی آنا شروع کیااورایک عرصے بعد ۲۰۱۵ء تخصّص فی الفقہ کا اہتمام بھی کیاگیااور تدریب کے لئے متخصّصین بھی آنے لگے اور تدریب کی تکمیل اور حصولِ اطمینان کے بعد انہیں اجازتِ افتاء کی تحریری اسناد دینے کا بھی سلسلہ شروع ہوا۔

اشاعت کاسلسلہ تو"جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)" کے قیام سے قبل ہی انجمن اشاعت اسلام کے نام سے جاری تھا اور جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) کے قیام کے بعد اسے مسلسل جاری رکھاگیا۔وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسے جدید خطوط پر لانے کے لئے رسائل کی تخریج، تحقیق کی کوششیں بھی کی جانے لگیں اور ان عنوانات کو منتخب کیاجانے لگا کہ جن عنوانات پر مارکیٹ میں تحریری مواد میسر نہ تھااور کئی رسائل تو ہمارے دارالافتاء سے جاری ہونے والے ایک ہی فتویٰ پر مشتمل ہوتے اور

بعض کئی فتاویٰ پر مشتمل ایک ہی عنوان پر ہوتے جن میں ''طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم'' اور ''فتاویٰ حج و عمرہ'' سرفہرست ہیں اور کچھ عربی و فارسی رسائل پر ادارے میں ہی کام ہوا۔ ان کا ترجمہ کر کے تخریج و تحقیق کے زیور سے آراستہ کرنے کے بعد انہیں شائع کیا گیا اور علماءِ اہلسنّت میں رسائل کی تخریج و تحقیق کا رواج دینے میں اس ادارے کا بڑا کردار ہے۔ پھر علماءِ اہلسنّت ملک کے مختلف حصّوں سے تخریج و تحقیق سے مزّین رسائل اشاعت کے لئے بھیجنے لگے جو ان کی اپنی تصنیف یا تالیف ہوتے یا کسی عربی یا فارسی رسالہ کا ترجمہ ہوتے۔ اس طرح وہ پہلی بار اس ادارے سے شائع ہوتے اور اشاعت کا سلسلہ الحمدللہ ہنوز قائم ہے اور مخیر حضرات کے تعاون سے انہیں شائع کر کے ڈاک خرچ کے نام پر معمولی رقم لے کر ممبران کو سال بھر ہر ماہ ارسال کئے جاتے ہیں۔ ہر سال دسمبر سے رجسٹریشن کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور سال کی ابتداء ماہِ جنوری سے اور اختتام ماہِ دسمبر پر ہوتا ہے اور رجسٹریشن کا یہ سلسلہ ہر سال عمل میں لایا جاتا ہے اور ممبران کی تعداد کم یا زیادہ ہوتی رہتی ہے اور کبھی ان کی تعداد پانچ ہزار کو بھی پہنچ جاتی ہے جن میں ایک بڑی تعداد علماء و طلباء کی بھی ہوتی ہے جو اس اشاعتی رسالہ کو حاصل کرتے ہیں۔

ادارے کی یہ خدمت لائقِ صد تحسین ہے کہ طویل عرصے سے بلا تعطّل اس سلسلے کو جاری رکھا ہے اور کسی بھی عنوان پر ایک ہی ماہ میں ہزاروں لوگوں تک پیغام پہنچ جاتا ہے۔ کتنے علماء ایسے ہیں جن کی تصنیف یا تالیف یا ترجمے یا تخریج و تحقیق کو ادارے نے اپنے سلسلۂ اشاعت میں چند بار شائع کیا جس سے وہ عوام و خواصِ اہلسنّت میں معروف ہو گئے۔

ادارے نے کئی قلمی کتابوں پر تحقیق و تخریج کرانے کے بعد انہیں شائع کیا جیسے شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی حنفی ۱۱۷۴ھ کی ''السَّیفُ الجلی علی سابِّ

النبی" پر مفتی عبداللہ فہیمی نعیمی سندھی نے ادارے میں تخریج و تحقیق کی جسے حضرت علامہ مفتی عبدالرحیم سکندری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے فرزند مفتی حق نبی ازہری سکندری مدظلہ کے مقدمے کے ساتھ کویت کے ایک مکتبے "دار الضیاء" ١٤٣٧ھ. ٢٠١٦ء میں شائع کیا اور اسی وقت ادارے نے اس کا اردو ترجمہ مفتی عبداللہ فہیمی کی تخریج و تحقیق کے ساتھ پاکستان میں تیرہ ہزار کی تعداد میں شائع کیا اور اسی طرح علّامہ سیّد محمد امین ابن عابدین شامی کی "شرح عُقود رسم المفتی" پر امامِ اہلسنّت امام احمد رضا حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ متوفی ۱۳۴۰ھ کے حواشی حضرت علّامہ حامد علی علیمی کی تحقیق کے ساتھ ادارے نے ۱۴۳۶ھ / ۲۰۱۵ء میں شائع کئے اور پھر یہی حواشی قاہرہ مصر سے شائع ہوئے۔ اسی طرح ادارے نے اپنی کئی کُتُب ورسائل جو سلسلہ مفت اشاعت میں شائع کئے تھے انہیں قیمتاً فروخت کرنے کے لئے بھی شائع کیا جن میں پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت خواجہ محمد اشرف نقشبندی مُجدّدی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ متوفی ۱۴۴۲ھ / ۲۰۲۰ء کی تالیف "خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ" کو شیخ الحدیث حضرت علّامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ کے تخریج اور حواشی کے ساتھ ادارے نے چار حصوں میں شائع کیا۔ اسے یکجا کر کے کتابی صورت میں بھی ایک سے زائد بار شائع کیا گیا۔ اسی طرح شیخ الحدیث حضرت علّامہ مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب مدظلہ کے چند فتاویٰ کے مجموعے کو حضرت علّامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مدظلہ نے "طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم" کے نام سے مرتّب کر کے شائع کیا جسے ۱۴۲۳ھ / ۲۰۰۲ء میں ادارے نے اپنے سلسلہ مفت اشاعت میں شائع کیا پھر اس میں کچھ اضافہ کر کے قیمتاً فروخت کے لئے شائع کیا گیا۔ پھر اس کے تین ایڈیشن مزید شائع ہوئے اور یہ کتاب انڈیا سے بھی شائع ہوئی اور اسی کتاب کے انگریزی ترجمے کی اجازت محترم جناب بشارت حسین صدیقی صاحب نے لی تھی اور کچھ حصہ ترجمہ بھی کیا ہے۔ اسی

طرح ادارے نے پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت علّامہ سیّد شاہ تراب الحق قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ متوفی ۱۴۳۸ھ کی "تخلیق پاکستان میں علماءِ اہلسنّت کے کردار" کے نام سے ایک تقریر پر ادارے نے شیخ الحدیث حضرت علّامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ سے مضبوط حواشی اور جامع مقدمہ تحریر کروا کر اپنے سلسلہ مفت اشاعت ۱۴۲۸ھ / ۲۰۱۰ء میں شائع کیا۔ "ماہنامہ مصلح الدین" نے اسے اپنے ماہنامے کے ایک خصوصی ایڈیشن میں شائع کیا اور ادارے نے کئی بار اسے قیمتاً فروخت کے لئے شائع کیا۔ پھر مکتبہ انوار القرآن، کراچی نے بھی اسے شائع کیا اور یہ کتاب اب تک تیئیس ہزار سے زیادہ تعداد میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی رسائل قیمتاً فروخت کے لئے شائع کئے جا چکے ہیں جن میں سے حدیث اور عُلوم حدیث کی چودہ سو کُتُب کے تذکروں اور چھ سو مُحدّثین کرام کے تعارف پر مشتمل علّامہ سیّد محمد بن جعفر کتانی (متوفی ۱۳۴۵ھ) کی تصنیف" الرّسالة المستطرفة لبيان مشهور كتب السنّة المشرفة" کا دارالافتاء النُّور کے رُکن مفتی مہتاب احمد رضوی نعیمی زید علمہ نے اُردو زبان میں ترجمہ کیا اور پانچ سو کی تعداد میں ۱۴۳۷ھ / ۲۰۱۶ء میں شائع کیا گیا۔

اس کے علاوہ مخدوم حسن اللہ پاٹائی علیہ الرحمۃ (متوفی ۱۹۲۰ء) کے سندھی زبان میں تحریر کردہ تین رسائل "كحل البصر، قرّة العينين اور جلاء العينين" رسائل علمِ غیب" کے نام سے مفتی محمد عبداللہ فہیمی کی تخریج و تحقیق کے ساتھ ۲۰۱۹ء میں پانچ سو کی تعداد میں شائع کئے اور خطیبِ پاکستان مولانا محمد شفیع اوکاڑوی علیہ الرحمۃ کی کتاب "امام پاک اور یزید پلید" حاجی اشفاق علی حداد سے سندھی زبان میں ترجمہ اور صاحبزادہ غلام محمد نعیمی مدظلہ سے تصحیح کروا کر ۲۰۱۴ء میں ایک ہزار کی تعداد میں شائع کی اور انہی کی کتاب "علماءِ دیوبند کی پہچان" کا گجراتی زبان میں ترجمہ کروا کر ۲۰۱۴ء میں ایک ہزار کی تعداد میں شائع کیا۔

اب بھی ادارے کے دارُالتحقیق والتصنیف ''إدارة النُّور لإحياء العلوم''میں کُتُب پر تحقیق وتصنیف کاکام جاری ہے جن میں ایک کتاب علّامہ ابوالحسن صغیر سندھی کی حیاتُ الانبیاء کے موضوع پر ''إنباء الأنباء في حياة الأنبياء'' کے نام سے ایک تصنیف جس کی تحقیق وتخریج مکمل ہے اور مقدّمہ بھی تحریر کیاجاچکاہے جو ان شاء اللہ تعالیٰ عنقریب شائع ہوگی اور شیخ الاسلام مخدوم المخادیم مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عربی کتاب ''كشف الغطاء عمّا يحلّ ويحرم من النوح والبكاء'' کی تخریج وتحقیق مکمل ہے اور مقدمہ تحریر ہوناباقی ہے اور اس کااردو ترجمہ بھی شروع ہوچکاہے (یہ ترجمہ شیخ الحدیث مفتی محمد عطاءاللہ نعیمی صاحب کے حکم پر ان کے شاگرد مفتی ابو آصف محمد کاشف مدنی نعیمی زید علمہ شروع کرچکے ہیں)اور علّامہ عثمان بن عیسیٰ الصدیقی الحنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب ''العقائد السنّية'' جس پر بھی کام مکمل ہونے کو ہے اوران تینوں پر تخریج وتحقیق کے کام کے لئے علّامہ مفتی عبداللہ فہیمی نعیمی زید علمہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں اوران شاءاللہ تعالیٰ ادارہ ان عربی کُتُب کااردو ترجمہ بھی جلد شائع کرے گااور شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی منظوم تصنیف کااردو نثر میں ترجمہ مفتی عبداللہ فہیمی صاحب نے کیاہے۔ فاضل ومدرس جامعۃ النّور ابو اللیث محمد طاہر قادری نعیمی زید علمہ اس ترجمے پر نظرِ ثانی فرمارہے ہیں۔اس کے علاوہ شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی علیہ الرحمہ کی مشہور کتاب ''فرائض الإسلام''اور علّامہ ابو الطیب سندھی علیہ الرحمۃ کی کتاب ''قرّة الأنظار'' اور مخدوم عبدالواحد سیوستانی حنفی کے فتاویٰ بنام ''فتاویٰ واحدی''کی تخریج اور تحقیق پر ادارے میں کام جاری ہےاوران شاء اللہ تعالیٰ بانئ ادارہ حضرت علّامہ محمد عرفان ضیائی مدظلہ کی خواہش اور تعاون سے اس طرح قدیم ونایاب کُتُب کی تخریج وتحقیق اوراشاعت کاسلسلہ جاری رہے گا۔

اس کے علاوہ ادارے نے اشاعت کے میدان میں ایک بہت بڑا کام یہ کیا کہ "کنزالایمان فی ترجمۃالقرآن" جو اب تک کئی زبانوں میں شائع ہو چکا تھا، ادارے کے بانی حضرت علّامہ مولانا عرفان ضیائی مدظلہ کی ذاتی کوششوں سے "کنزالایمان" کا علّامہ ذاکر اللہ نقشبندی صاحب مدظلہ العالی سے پشتو زبان میں ترجمہ کروایا۔ پھر متعدد پشتو داں علماءِ کرام سے اس کی تصحیح کروائی پھر بولان یونیورسٹی کے ایک ادیب سے ادبی لحاظ سے اسے چیک کرایا، آخر میں ایک رضوی عالم علامہ مولانا عبدالحکیم صاحب مدظلہ العالی سے جو بیک وقت اردو اور پشتو پر اچھی دسترس رکھتے تھے اس ترجمہ کا کنزالایمان اردو سے موازنہ کروایا۔ بالآخر حضرت علّامہ محمد عرفان ضیائی مدظلہ کی محنت اور شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ کا تعاون بارآور ہوا اور "کنزالایمان" کا پشتو ترجمہ فیصل آباد سے حضرت علّامہ عطاء المصطفیٰ نوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے تعاون سے شائع کروایا گیا۔

چونکہ یہ قرآنِ کریم کے ترجمے کا معاملہ تھا اس لئے اس کی اشاعت تک ہر ممکن حد تک اطمینان حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس میں وقت بھی بہت لگا اور زرِ کثیر بھی خرچ ہوا، بحمدللہ تعالیٰ یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا اور پھر بانی جمعیّت اشاعت اہلسنّت حضرت علامہ محمد عرفان ضیائی مدظلہ اور شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ نے "کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن" پر صدرالافاضل حضرت علّامہ مفتی سیّد محمد نعیم الدین مرادآبادی حنفی متوفی ۱۳۶۷ھ کی تفسیر بنام "خزائن العرفان" کا پشتو زبان میں ترجمہ کراونے کا بیڑا اُٹھایا اور اس کام کے لئے حضرت علّامہ مولانا عبدالحکیم صاحب مدظلہ العالی سے مدد لی گئی اور انہوں نے ترجمہ شروع کیا جو اب الحمدللہ تکمیل کے قریب ہے اور ایک بڑا حصہ کمپوز ہو کر تصحیح کے مرحلے میں ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ عنقریب شائع ہو گا۔

اس ادارے نے اشاعت کے ذریعے عوام المسلمین کے عقائد و نظریات اور اعمال واخلاق کی اصلاح کی بھرپور کوشش کی جس کا اندازہ صرف اشاریہ کی فہرست دیکھ کر ہی لگایا جاسکتا ہے اور اس میں داعیانِ ضلالت کی سرکوبی کے لئے بھی بھرپور سعی کی۔ اس پاک وطن میں جب بھی کسی فتنے نے سر اُٹھایا ادارے نے اپنی اشاعت کے ذریعے عوام المسلمین کو اس سے خبردار کرنے کی پوری کوشش کی جیسے فتنۂ قادیانیت اور فتنۂ گوہر شاہی، فتنۂ طاہری، فتنۂ چاند پوری وغیرہا۔

ناموسِ رسالت ﷺ کے نازک اور اہم مسئلہ پر بھی ادارہ کسی سے پیچھے نہیں رہا۔ پہلے رسالہ "گستاخِ رسول ﷺ کی سزائے موت" پر ادارے نے حواشی تحریر کروا کر شائع کیا، پھر شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی کی کتاب جو اُس وقت تک مخطوط صورت میں تھی دنیا کی مختلف لائبریریوں میں موجود تھی اُسے حاصل کرکے اس کی تخریج و تحقیق کروانے کے بعد کویت سے اُسے شائع کروایا جس کے متعدد نسخے ہم نے جامعہ اُمّ القریٰ عزیزیہ (مکہ مکرمہ) کے نزدیک واقع ایک کُتُب خانہ میں خود دیکھے۔ اس طرح اس مسئلہ میں ایک مشہور مستند حنفی عالم کی تحریر کے ذریعے احناف کا موقف پوری دنیا کے مسلمانوں تک پہنچانے کی کوشش کی۔ پھر مشاہرۃً اس کا ترجمہ کرواکے اپنے چار پانچ ہزار ممبران تک پہنچایا اور دو ہزار کی تعداد میں قیمتاً فروخت کے لئے مختلف مکتبوں پر رکھوائے اور چھ سے سات ہزار کی تعداد میں مزید مفت تقسیم کرایا۔ پھر لاہور کے ایک مکتبے نے ہماری اجازت کے بغیر مترجم صاحب کے کہنے پر شائع کیا حالانکہ وہ ہم سے ترجمہ کا بھاری معاوضہ وصول کرچکے تھے اور مزید یہ کہ ہمارے پاس کافی اسٹاک موجود تھا اور ادارے نے صرف احتجاج پر اکتفا کیا کوئی قانونی چارہ جوئی نہ کی۔ یہ مترجم موصوف کی ادارے کے ساتھ بڑی ناانصافی تھی حالانکہ ان کی تشہیر میں ادارے نے بڑا کردار ادا کیا تھا کہ ان کی کئی تحریرات پے درپے اپنے سلسلۂ مفت اشاعت میں شائع

کیں مگر موصوف نے اس کتاب کے ترجمہ کے بھی پیسے لئے اور ابھی اسٹاک بڑی تعداد میں موجود تھا، یہ ترجمہ کسی دوسرے مکتبے کو بیچ دیا یا کچھ نسخوں کے عوض چھاپنے کی اجازت دے دی اور اس کتاب کا انگریزی زبان میں ترجمہ محترم جناب بشارت حسین صدیقی (حیدرآباد، دکن) کر چکے ہیں جو ہنوز شائع نہیں ہوا۔

اس کے علاوہ "گستاخِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی سزا" کے بیان میں ایک اور رسالہ اس کتاب کے فوراً بعد شائع کیا گیا جو ہمارے ادارے کے شیخ الحدیث و رئیس دارالافتاء حضرت علّامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی نے دراصل اس کتاب کے مقدمے کے طور پر تحریر کیا تھا جب اس کی ضخامت بڑھی تو افادۃً اُسے الگ رسالے کی صورت میں شائع کیا۔

اس ادارے نے قصیدہ بردہ شریف اور استغفارات کے ورد کو رواج دینے میں بھی بڑا کردار ادا کیا وہ اس طرح کہ پہلے اپنے ادارے کی مسجد میں ان کے اوراد کا اہتمام کیا اور ساتھ ہی قصیدہ بردہ شریف متعدّد بار ہزاروں کی تعداد میں شائع کر کے عوام المسلمین تک پہنچایا اور اسی طرح امام حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی طرف منسوب "ستر استغفارات" کے ورد کے ساتھ ساتھ ان کا ترجمہ کروا کے ہزاروں کی تعداد میں شائع کیا۔

ادارے میں سترہ رمضان المبارک "اسماء اصحابِ بدر رضی اللہ تعالیٰ عنہم" کے ورد اور ان کے توسُّل سے دعا کا اہتمام ہر سال کیا جاتا ہے اور علّامہ قبانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے تحریر کردہ اسماء اصحابِ اہل بدر کی ادارے میں تحقیق کی گئی۔ شرکاءِ بدر کے حوالے سے مزید صحابہ کرام علیہم الرضوان کے نام کُتب میں ملے اور کچھ اختلاف تھا سب اس میں شامل کر کے شروع میں مصنّف کی تحریر اور آخری کی دعا کا ترجمہ شیخ الحدیث حضرت علّامہ مولانا مفتی محمد اسماعیل امجدی مدظلہ سے ترجمہ کروا کے اسماء اصحابِ اہل بدر کو شائع کیا گیا اور انہیں متعدّد بار ہزاروں کی تعداد میں شائع کیا جا چکا ہے اور ہماری اس اشاعت

کا عکس انڈیا میں بھی شائع ہوا جس کی ایک کاپی وہاں سے ادارے کو بھی ارسال کی گئی۔

ادارے کے کاموں میں سے ایک بڑا کام مناسک حج و عمرہ کے بارے میں تربیتی نشستیں منعقد کرنا اور مناسک پر رسائل شائع کرنا اس موضوع پر تحریر کئے گئے متعدّد رسائل کا اردو ترجمہ بمع تخریج نصوص کے اور بعض اردو رسائل کی تخریج کرکے انہیں شائع کرنا اور حج و عمرہ کے بارے میں کئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کرکے انہیں" فتاویٰ حج وعمرہ" کے نام سے شائع کرنا ہے جو اب تک سترہ حصے ہو چکے ہیں (جن میں سے سولہ حصے دوبار شائع ہو چکے ہیں اور سترہواں حصہ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی سال ماہِ دسمبر میں ممبران کو ارسال کیا جائے گا) پھر فتاویٰ حج وعمرہ کو ایک اپلی کیشن (جسے پلے اسٹور اور ایپ اسٹور کے ذریعے انسٹال کیا جاسکتا ہے "http: //app.ishaateislam.org" کے ذریعے پوری دنیا میں اردو زبان جاننے والوں تک پہنچانا ہے۔

اور ہمارے دارالافتاء میں تحریر کئے گئے چند فتاویٰ جیسے حج و عمرہ کے متعلق فتاویٰ اور "طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم، دعا بعد نمازِ جنازہ، اولاد کو زندگی میں ہبہ کرنا" "بیوی کے حقوقِ واجبہ" وغیرہا الگ الگ شائع ہوئے اور دارالافتاء کے قیام سے اب تک جو فتاویٰ جاری ہوئے ان کی تین قسمیں ہیں۔ ایک تو وہ ہیں جو شیخ الحدیث حضرت علّامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب مدظلہ کے اپنے تحریر کردہ ہیں اور دوسرے وہ جو مفتی صاحب کے پاس فتویٰ نویسی سیکھنے کے لئے آنے والوں اور سیکھنے کے بعد دارالافتاء میں اپنے استاد کی نگرانی میں فتاویٰ لکھنے والوں کے فتاویٰ ہیں اور تیسرے وہ فتاویٰ ہیں جو مفتی صاحب قبلہ کے پاس تصدیق کے لئے آتے ہیں ان فتاویٰ کا ریکارڈ ایک عرصے تک محفوظ کرنے کا اہتمام نہ کیا گیا اور اب کچھ عرصے سے ان میں سے کچھ کو محفوظ کیا جاتا ہے وہ بھی کثیر تعداد میں ہیں لہٰذا ان میں سے جو مفتی صاحب قبلہ کے اپنے تحریر کردہ ہیں ان پر متخصّصین کی جماعت کام کر رہی ہے۔ حضرت کا مقصد تو اپنے طلباء

کو فتاویٰ نویسی سیکھانا ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ ان کے جمع کرنے کا کام بھی ہو جاتا جیسے ہی یہ کام مکمل ہو گا انہیں شائع کرنے کا اہتمام کیا جائے گا۔

اسی طرح متخصّیصین اور مفتی صاحب کے وہ شاگرد جو تربیت مکمل ہونے کے بعد ان کے پاس بیٹھ کر فتاویٰ لکھتے ہیں ان کے تحریر کردہ فتاوی کی ترتیب کا کام ہو گا۔ پھر ان فتاویٰ پر کام ہو گا جو اُن کے شاگرد دوسری جگہ بیٹھ کر لکھتے ہیں اور تصدیق اپنے استاد سے کرواتے ہیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

بہرحال "جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)" کا اشاعتی سلسلہ جاری ہے اور ضرورت تھی اشاعت کی تاریخ کو مُرتّب کیا جائے جس کے لئے بانی جمعیت اشاعت اہلسنّت حضرت علّامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مد ظلہ نے مہتمم جامعۃ النّور حضرت علّامہ محمد مختار اشرفی مد ظلہ اور شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مد ظلہ کے مشورے سے یہ کام شروع کرایا جس کے لئے محترم خرم محمود سرسالوی زید علمہ کی خدمات حاصل کی گئیں۔ الحمدللہ یہ کام مکمل ہو چکا اور آپ قارئین کے ہاتھوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہم سب کی سعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

فقط

محمد رضوان قادری

جنرل سیکریٹری "جمعیّت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)"

وفاضل "جامعۃُ النّور"

...*...*...*...*...

❁❁❁❁❁

جمعیّت اشاعت اہلِ سنّت پاکستان

الحمد للہ رب العالمین

والصَّلاۃُ والسلامُ علیٰ سیّدِالأنبیاءِ والمرسَلِین

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ (آل عمران:۳/ 19)

بے شک اللہ کے یہاں اسلام ہی دین ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایمان کی دولت عطا فرما کر ہمیں اپنے نبی کی محبت، صحابہ واہل بیت کی اُلفت، علماء و صالحین کی صحبت سے مالا مال فرمایا۔ دینِ اسلام قبول کر لینے کے ساتھ جہاں نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم ہے اس کے ساتھ ہی ایک اہم ترین فریضہ "امر بالمعروف و نہی عن المنکر" (بھلائی کا حکم دینا اور بُرائی سے منع کرنا) بھی ہر ایمان دار پر لازم ہے اور حضور خاتم النبیین ﷺ کی امت ہونے کے لحاظ سے یہ اس امت کی ذمہ داری ہے۔ فرمایا گیا:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ. (آل عمران:۳/ ۱۱۰)

تم بہتر ہو ان سب امتوں میں جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو۔

اور حدیثِ مبارکہ میں بھی اس طرف توجہ دلائی گئی "تم میں سے ایک گروہ ہو جو لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرے"

اس حوالے سے عقائد و اعمال دونوں کی درستگی اور اصلاح ہر دور میں اہلِ علم نے انجام دی۔ یہ سعادت ربِ ذوالجلال نے "جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت" کو بھی عطا

فرمائی جس کا مختصر تعارف پیشِ خدمت ہے۔

تعارف اور سرگرمیاں

آغازِ خدمت:

تقریباً ۱۹۹۱ء کے آواخر میں وقت کی ضرورت اوراہلسنّت وجماعت کی سرگرمیوں کو جِلا بخشنے کے لئے پیرِ طریقت، رہبر شریعت، نقیبِ مسلکِ اعلیٰ حضرت، حضرت علاّمہ سیّد شاہ تراب الحق قادری علیہ الرحمہ کی سرپرستی میں عالم نبیل، فاضل جلیل حضرت علاّمہ مولانا محمد عرفان ضیائی مد ظلہ کی سربراہی اوران کے رفقاء محترم المقام جناب محمد زبیر قادری(انجینئر)، حضرت علامہ مولانا محمد طالب و قاری قادری، محترم جناب قاری محمد امین و قاری اور محترم جناب محمد سلیم سُنّی کے ساتھ ''جمعیت اشاعت اہلسنّت'' (پاکستان) کی داغ بیل ڈالی گئی جس کا مرکزی دفتر نور مسجد کاغذی بازار، میٹھادر کراچی میں قائم کیا گیا اور یہ نام مولانا توفیق صاحب مد ظلہ (انجنیئر) نے تین سنّی تنظیموں کے ناموں سے اس طرح اخذ کیا کہ (۱) ''جمعیّت تہذیب الاخلاق'' سے لفظ ''جمعیّت'' لیا اور (۲) ''انجمن اشاعتِ اسلام'' سے ''اشاعت'' اور (۳) ''انجمن اشاعتِ اہلسنّت'' سے ''اہلسنّت'' لیا۔ اس طرح ''جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت'' ہوگیا۔

پہلی مجلسِ شوریٰ:

''جمعیّت اشاعت اہلسنّت پاکستان'' کی پہلی مجلسِ شوریٰ میں مندرجہ ذیل پانچ افراد متعین کئے گئے۔

(۱) حضرت علاّمہ مولانا محمد عرفان ضیائی

(۲) حضرت علاّمہ مولانا طالب و قاری قادری

(۳) عبد الحبیب برکاتی

(۴) محمد امین نورانی

(۵) عبد الرزاق (مناف) علیہ الرحمہ

نصب العین:

تنظیم کا نصب العین ان الفاظ میں ترتیب دیا گیا:

(۱) ہر دلِ مسلم میں عشقِ رسول ﷺ کی شمع فروزاں کرنا۔

(۲) تحفظِ عقائد اہلسنّت و فروغِ مسلکِ امام اہلسنّت امام احمد رضا مُحدِّث بریلوی علیہ الرحمۃ۔

ہمارا منشور:

(۱) دشمنانِ مسلک حقّہ اہلسنّت کے ناپاک ارادوں کی تحریر و تقریر کے ذریعے بیخ کنی وردّ۔

(۲) ناموسِ رسالت ﷺ، مقامِ صحابہ، اہلِ بیت اوراولیاء کرام علیہم الرضوان کاتحفّظ۔

(۳) میلاد النبی ﷺ، ایامِ صحابہ اوراعراسِ بزرگانِ دین علیہم الرضوان کے سلسلے میں خصوصی اجتماعات کا انعقاد۔

(۴) رمضان المبارک میں اصلاحِ معاشرہ کی غرض سے خصوصی دروس وتربیتی اعتکاف۔

(۵) حج و عمرہ کی تربیت کے لئے تحریری و تقریری تربیت کا انعقاد۔

(۶) دینی لائبریری کا قیام و نظام۔

(۷) طلباء وطالبات کے لئے مدارسِ حفظ قرآن وناظرہ کا قیام وانتظام۔

(۸) طلباء وطالبات کے لئے درسِ نظامی ودورۂ حدیث کی مختلف کلاسوں کا اہتمام وانتظام۔

(۹) لوگوں کی اصلاح عقائد و اعمال کے لئے تربیتی نشستوں، دروس قرآن وحدیث اور ہفتہ واری اجتماعات کا انعقاد۔

(۱۰) عوامِ اہلسنّت میں علمائے اہلسنّت کو متعارف کرانا۔

(۱۱) دینی کُتُب ورسائل اور اسلامی لٹریچر کی مفت اشاعت۔

(۱۲) اہلسنّت کی مختلف ہم خیال تنظیموں کے درمیان رابطہ پیدا کرنا۔

(۱۳) خدمتِ دین کے اس مقدس و عظیم کام کو جاری رکھنے کے لئے درجِ ذیل شعبے قائم کر دیئے گئے۔

شعبہ حفظ قرآن وناظرہ:

اس ادارے نے علمِ دین کی ترویج واشاعت کے لئے مدارس قائم کئے اور قرآنِ کریم کے حفظ وناظرہ سے آغاز کیا وہ اس طرح کہ ۱۹۹۱ء میں قبلہ حافظ محمد سجاد صاحب زید مجدہ نے ''جمعیّت اشاعت اہلسنّت'' کے تحت نور مسجد میں اہلِ علاقہ کے بچوں کو قرآنِ کریم حفظ کروانا شروع کیا اور یہ تسلسل اپریل ۲۰۰۰ء تک جاری رہا اور اپریل کی ۶ تاریخ کو آپ امامت وخطابت اور تعلیماتِ قرآن کو دوسروں تک پہنچانے کی غرض سے ہالینڈ چلے گئے۔ اس دوران آپ نے تقریباً تیس حُفّاظِ کرام تیار کئے۔ اُن کے تشریف لے جانے کے بعد قبلہ حافظ فیصل صاحب نے حافظ سہیل صاحب کی معاونت سے حفظ وناظرہ کی عظیم خدمت کو جاری رکھا اور آج تک جاری رکھے ہوئے ہیں جس میں کئی طلباء وطالبات حفظِ قرآن پاک کی سعادت حاصل کر چکے ہیں اور بیشمار بچے اور بچیاں حفظ وناظرہ قرآن پاک کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ یہ شعبہ صبح، دوپہر، شام اور رات کی شفٹوں میں جاری ہے اور یہاں سے حفظ کرنے والے حفّاظِ کرام کچھ اسی مدرسے میں اور کچھ شہر کے مختلف علاقوں میں قرآنِ کریم کی تعلیم کو عام

کرنے میں مصروف ہیں اور ماہِ رمضان میں شہر کے مختلف علاقوں میں نمازِ تراویح میں قرآن سناتے ہیں۔

شعبہ درسِ نظامی:

کراچی کی تاریخ میں پہلی بار اس ادارے نے ۱۹۹۲ء میں نور مسجد کاغذی بازار، میٹھادر کراچی میں رات کے اوقات میں درسِ نظامی کی کلاسوں کا آغاز کیا گیا۔ وہ اس طرح کہ ۱۹۹۲ء میں ایک نکاح کی تقریب میں کئی علماء کرام شریک ہوئے جن میں '' دارالعلوم امجدیہ'' کے دو مقتدر علماء دین حضرت علّامہ مولانا مفتی عطاء المصطفیٰ اعظمی اور حضرت علّامہ مولانا محمد اسماعیل قادری ضیائی بھی شامل تھے تو وہاں ایک حافظ صاحب بھی تشریف لائے جو دارالعلوم امجدیہ میں درسِ نظامی میں داخلہ لینے کے بعد اپنی معاشی مجبوری کی وجہ سے تعلیمی تسلسل برقرار نہ رکھ سکے تھے تو ان دو بزرگانِ دین میں سے ایک نے ان کی اسی مجبوری کا تذکرہ فرمایا تو وہاں پر موجود ''جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت پاکستان'' کی پہلی شوریٰ کے ایک رُکن حضرت علّامہ مولانا محمد طالب و قاری قادری مدظلہ موجود تھے انہوں نے فرمایا کہ یہ ضروری نہیں کہ موصوف دن میں ہی اس وقت میں پڑھیں رات میں بھی تو پڑھ سکتے ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ یہ کیسے اور کہاں ہو سکتا ہے؟ تو علّامہ طالب صاحب نے عرض کی: ہاں ''جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت'' کے مرکزی دفتر نور مسجد کاغذی بازار میں ہوسکتا ہے، صرف ایک استاد کا بندوبست فرمادیں۔ اس پر ان دونوں نے پڑھانے کی حامی بھر لی اور علّامہ طالب صاحب نے بانی جمعیّت اشاعت اہلسنّت حضرت علّامہ محمد عرفان ضیائی مدظلہ سے مشورہ کیا تو آپ نے رضامندی ظاہر کی اور فرمایا کہ ہم حضرت علّامہ مولانا محمد عثمان برکاتی سے رابطہ کرتے ہیں وہ قریب میں رہتے ہیں اور وہ اس کام کو بآسانی کرسکتے

ہیں جبکہ وہ بزرگ دور سے تشریف لائیں گے ان کے لئے تسلسل مشکل ہو جائے گا۔ اس طرح انہوں نے علّامہ عثمان برکاتی علیہ الرحمہ سے رابطہ کیا اور انہیں رات میں درسِ نظامی کی کلاسسز لگانے پر آمادہ کرلیا۔ اس طرح یہاں درسِ نظامی کی تدریس کا آغاز ہو گیا اور حضرت علّامہ مولانا محمد عثمان برکاتی علیہ الرحمہ نے ۱۹۹۲ء سے ۲۰۰۵ء تک یعنی تیرہ سال بغیر کسی مشاہرے کے مسلسل تدریس فرمائی۔ ابتداءً چودہ پندرہ افراد نے داخلہ لیا اور یہاں چار درجے پڑھا کر آگے پڑھائی کے لئے دارالعلوم امجدیہ بھیج دیا جاتا۔ اسی طرح مروّجہ نصاب کی تکمیل کے بعد متعدّد طلباء نے "دارالعلوم امجدیہ" سے سند فراغت حاصل کی۔

اور یہاں لگنے والی پہلی کلاس میں سے لائق صد احترام شاہینِ ختمِ نبوت مفتی محمد امین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، استاذ الحفاظ حضرت علامہ مولانا حافظ محمد جنید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، حضرت علامہ مولانا امان اللہ اختری اور نور محمد المعروف الفقیر نے چوتھا درجہ مکمل کیا اور مفتی امین قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی تعلیم کا ایک سال مکمل ہونے کے بعد پڑھنے کے ساتھ ساتھ علّامہ عثمان برکاتی رحمۃ اللہ علیہ کی معاونت کرتے ہوئے پہلے درجے والوں کو پڑھانا بھی شروع کر دیا۔ ان حضرات کے بعد داخلہ لینے والوں میں خلیفۂ حضرت علّامہ سیّد شاہ تراب الحق قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت علّامہ رئیس قادری، حافظ سجاد برکاتی (جو اس وقت ہالینڈ میں ہیں) اور مہتمم جامعۃ النّور اور رُکنِ شوریٰ حضرت علّامہ مولانا مختار اشرفی دامت برکاتہم العالیہ شامل تھے اور یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا اور تقریباً سن ۲۰۰۴ء میں دورۂ حدیث شریف کا آغاز بھی کر دیا گیا جس کے لئے سربراہ دارالافتاء شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ سے اکتسابِ فیض کیا گیا۔ الحمدللہ متعدّد علماء کرام اس ادارے سے سندِ فراغت حاصل کر چکے

ہیں جن کی ایک تعداد الحمدللہ درس وتدریس سے وابستہ ہے اور مختلف مقامات پر علومِ دینیہ کی ترویج واشاعت میں مصروف ہے۔ بعد ازاں سن ۲۰۰۷ء میں صبح کے وقت درسِ نظامی پڑھانے کے لئے بھی علّامہ امان اللہ اختری اور علّامہ انیس برکاتی دامت برکاتہم العالیہ کی معاونت سے مدرسہ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ کئی سالوں تک درسِ نظامی کا یہ مدرسہ بغیر کسی نام کے ''مدرسہ رضویہ'' کے ماتحت کام کرتا رہا تو جب ''تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان'' میں رجسٹر کروانے کی ضرورت پیش آئی تو باہمی مشورے سے اس کا نام ''جامعۃ النّور'' رکھا گیا اور رُکن شوریٰ حضرت علّامہ مختار اشرفی مدظلہ اس کے مہتمم مقرر ہوئے اور جمعیّت اشاعت اہلسنّت کے زیرِ اہتمام چلنے والے تمام مدارس اس نام سے موسوم کر دیئے۔ الحمدللہ یہ مدارس بڑی کامیابی سے چل رہے ہیں۔

اس سے ان لوگوں کے لئے استفادہ آسان ہے جو کاروبار سے وابستہ ہیں۔ جمعیت کی درسِ نظامی کی جُز وقتی کلاسز کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے دیگر علاقوں میں بھی درسِ نظامی کی جز وقتی تعلیم کو فروغ ملا۔

درسِ نظامی برائے خواتین:

ایک عرصہ سے ارادہ تھا کہ خواتین کے لئے بھی درسِ نظامی پڑھانے کا انتظام کیا جائے اُس کے لئے جگہ درکار تھی جب نور مسجد سے متصل ''جامعۃُ النّور'' کے لئے عمارت حاصل کرلی گئی تو ابتداً خواتین کے لئے ناظرہ قرآن کریم پڑھانے کا اہتمام کیا گیا پھر حفظِ قرآن کا اور سن ۲۰۰۹ء میں خواتین کے لئے درسِ نظامی و دورۂ حدیث کا آغاز کیا گیا، جس میں پہلے چند سالوں میں خصوصاً پہلے درجہ پر بڑی محنت کرنی پڑی جس میں بانی جمعیّت اشاعتِ اہلسنّت حضرت علّامہ مولانا محمد عرفان ضیائی اور ان کے رفقاء حضرت علّامہ مولانا محمد امان اللہ اختری اور

حضرت علّامہ مولانا انیس برکاتی بن عبد العزیز دامت برکاتہم نے اپنی خدمات پیش کیں اور بڑی لگن اور انتہائی محنت کے ساتھ کبھی مائیک پر اور کبھی پردے کے پیچھے بیٹھ کر اس درجے کی طالبات کو پڑھایا جس میں عقائد کی پختگی، صرف و نحو میں مضبوطی، عبارت کی درستگی پر خصوصی توجہ رکھی اور اس مدرسہ کی کامیابی کا سہرا انہی حضرات کے سر ہے۔ پھر ادارے کے شیخ الحدیث اور دارالافتاء کے سربراہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مد ظلہ نے بھی ان کا ساتھ دیا کہ اس پہلے درجے کو کامیاب کرنے کے لئے، آئندہ طالبات کے اس شعبے کو کامیابی سے چلانے کے لئے اور اچھی معلّمات پیدا کرنے کے لئے ان کی تعلیم و تربیت میں ان حضرات کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ "ہدایہ شریف" سے لے کر "صحیح بخاری شریف" تک کُتُب کا درس دینے میں ان کا ساتھ نبھایا اور ان طالبات کو سند فراغت سے نوازا اور اس دوران دیگر معلّمات بھی انہیں پڑھاتی رہیں اور شیخ الحدیث صاحب کئی سالوں تک آئندہ آنے والی دورۂ حدیث شریف کی جماعتوں کو "صحیح بخاری شریف" پڑھاتے رہے اور ساتھ ساتھ اپنی طالبات کی تربیت کرتے رہے تاکہ وہ آئندہ اس ذمہ داری کو نبھانے کے قابل ہو سکیں۔ بالآخر اس سال اپنی ایک طالبہ جو کہ جامعۃ النّور للبنات کی ناظمہ بھی ہیں اور ہمارے ادارے کے ایک رُکن شوریٰ محترم المقام جناب محمد فیاض قادری صاحب کی اہلیہ بھی ہیں، اپنی جگہ حدیث شریف پڑھانے کا تحریری اجازت نامہ دے کر اپنی جگہ پڑھانے کے لئے متمکن فرمادیا۔ اس دوران یہ شعبہ معلّمات کے حوالے سے بھی خود کفیل ہو گیا وہ اس طرح کہ آہستہ آہستہ جامعہ سے فراغت حاصل کرنے والی معلّمات نے ذمہ داری سنبھالنی شروع کی۔ اب الحمد للہ وہی "جامعۃُ النّور للبنات" کو بحسن و خوبی چلا رہی ہیں اور الحمد للہ خواتین کے لئے قائم کئے گئے تینوں شعبہ جات حفظ و ناظرہ

اور درسِ نظامی کامیابی سے چل رہے ہیں۔ ساتھ ہی خواتین کے لئے مختصر میعادی کورسز کا سلسلہ جاری ہے جس میں شریعت کورس جو کہ تقریباً آٹھ ماہ کی مدت میں گھریلو خواتین کے لئے دین کے ضروری مسائل سے واقفیت کا بہترین ذریعہ ہے۔ علاوہ ازیں کمپیوٹر کورس، سلائی سکھانے کا بھی آغاز کیا جاچکا ہے اور اس کامیابی کا سہرا موجودہ ناظمہ کے سر ہے۔ مزید ان شاء اللہ اس سلسلے کو وسعت دینے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔

کُتُب و کیسٹ لائبریری:

عوام الناس کے استفادہ کے لئے نور مسجد کاغذی بازار میں ایک لائبریری بھی قائم تھی جس میں مختلف موضوعات پر کتابیں مطالعہ کے لئے، حمد و نعت اور علمائے اہلسنّت کی تقاریر و دروس پر مشتمل کیسٹیں سماعت کے لئے فراہم کی جاتی تھیں۔ یہ لائبریری روزانہ رات کو بعد نمازِ عشاء 10 بجے سے 11 بجے تک کھلی رہتی ہے۔ یہ اس دور کی ایک اہم ضرورت تھی جس کی جگہ فی زمانہ موبائل فون نے لے لی ہے۔ اب ویب سائٹ اور میموری کارڈ کے ذریعے لوگوں تک علماء کرام کے خطابات کی ترسیل کا سلسلہ جاری ہے۔

دار التحقیق ارشدیہ:

تاریخ کے اوراق میں یہ بات بھی رقم ہے کہ جب فتنے سر اُٹھاتے ہیں تو ان کی سرکوبی کے لئے بھی جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان تحریری اور تقریری طور پر کوشاں اور سرگرم رہتی ہے۔ بدمذہب فرقوں اور گمراہ ٹولوں کے فریب سے عوامُ الناس کو محفوظ رکھنے کے لئے ہمارے ہاں "دار التحقیق ارشدیہ" کے نام سے ایک شعبہ ریکارڈ بھی قائم کیا گیا تاکہ عوامُ الناس ان کی شر انگیزی اور فتنہ پروری سے محفوظ رہ سکیں۔ الحمدللہ سینکڑوں لوگ اس شعبہ سے استفادہ کرچکے ہیں کہ

جس میں بدمذہبوں اور گمراہ فرقوں کی کُتُب ، رسائل ، اخباری تراشے اور تقریروں پر مشتمل دستاویزی ثبوت جمع کئے گئے ہیں۔

فتنوں کی سرکوبی:

خاص طور پر قابلِ ذکر فتنہ گوہر شاہی کی سرکوبی کے لئے دنیا بھر کے تقریباً 300 مفتیانِ کرام سے فتاویٰ حاصل کئے گئے اور کورٹ میں 21 کیس داخل کئے گئے۔ الحمد للہ اس فتنے کو سرنگوں کیا گیا۔ علاوہ ازیں فتنہ طاہریہ، صلح کلیت وغیرہ کئی فتنوں کے حوالے سے عقائد کا تحفظ کیا گیا۔

شعبہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ:

امام اہلسنّت مولانا شاہ احمد رضا خان مُحدّث بریلوی علیہ الرحمۃ کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے اور ان کی تحقیقات کو دنیا کے سامنے لانے کے لئے خاص ان کے نام سے ایک مخصوص شعبہ قائم کیا گیا ہے جس میں تقریباً 400 تصانیف اور تقریباً 400 کتابیں اعلیٰ حضرت کی ذات، سیرت اور تصانیف کے حوالے سے لکھی گئیں جو عوام وخواص کے استفادہ کے لئے موجود ہیں نیز ان کُتُب میں اضافہ کے لئے ہم مسلسل کوشاں ہیں اور ان پر تحقیق و جستجو اور ان کی اشاعت کا کام بھی جاری ہے۔

دارالافتاء:

ایک زمانہ تھا کہ کھارادر اور میٹھادر (اولڈ سٹی ایریا) کے علاقے کے لوگوں کو اپنے مسائل پر فتاویٰ حاصل کرنے کے لئے دُور جانا پڑتا تھا قریب میں کوئی دارالافتاء نہیں تھا ضرورت تھی کہ قریب میں دارالافتاء ہو اس لئے اگست ۲۰۰۰ء میں "جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان" کے زیر اہتمام ایک دارالافتاء کا قیام عمل میں لایا گیا جس کے سربراہ شیخ الحدیث حضرت علّامہ مولانا مفتی محمد عطاء

اللہ نعیمی مدظلہ منتخب کئے گئے جہاں سے اہلِ علاقہ کے علاوہ شہر کے دیگر علاقوں کے لوگ بلکہ بیرون ملک سے بھی لوگ اپنے مسائل کا حل زبانی، فون پر اور تحریری طور پر حاصل کرتے ہیں۔ اس دارالافتاء سے قبلہ شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی کے قلم سے جاری ہونے والے فتاویٰ تو کثیر ہیں اُن میں سے مختلف موضوعات پر تحریر کئے گئے چند فتاویٰ کے مجموعے شائع کئے جسے "طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم" ایک جلد میں متعدّد بار شائع ہو چکا ہے، "فتاویٰ حج وعمرہ" کے نام سے حج وعمرہ کے موضوع پر فتاویٰ کا مجموعہ کئی حصوں میں شائع ہوا، غیر انبیاء وملائکہ کے لئے علیہ السلام کہنے کا حکم، ضبط تولید کا شرعی حکم، دعا بعد نمازِ جنازہ، عورت کی امامت اور دیگر موضوعات پر مشتمل فتاویٰ جات حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب کے تبحر علمی پر دلالت کرتے ہیں اور مفتی صاحب کے تصدیق شُدہ فتاویٰ کی تعداد بھی بہت ہے جن میں کچھ محفوظ ہیں۔ مفتی صاحب ۲۰۰۰ء سے تاحال دارالافتاء کے سربراہ کی حیثیت سے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور کئی علماء مفتی صاحب سے افتاء کی تربیت حاصل کر چکے ہیں اور اس وقت بھی مفتی صاحب کے تلامذہ دارالافتاء میں حاضر ہو کر اپنے استاد کی رہنمائی میں فتاویٰ تحریر کرتے ہیں اور کچھ دیگر علاقوں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ہنوز تربیتِ افتاء کا یہ سلسلہ جاری ہے۔

تخصّص فی الفقہ:

سن ۲۰۱۵ء سے "جامعۃُ النّور" میں شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی کی سربراہی میں تخصّص فی الفقہ کا آغاز کیا گیا اور الحمدللہ یہ شعبہ کامیابی کے ساتھ چل رہا ہے اور یہاں دورۂ حدیث شریف مکمل کرنے والے علماء کرام کی دستارِ فضیلت بھی کی جاتی ہے اورانہیں اسناد بھی جاری کی جاتی ہیں

اور تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان کے تحت چلنے والے مدارس میں سے صوبہ سندھ میں اس وقت صرف دو ہی مدارس ہیں کہ جنہیں "تخصّص فی الفقہ" کورس پڑھانے کی اجازت ہے ان میں سے ایک "جامعۃ النّور" کے نام سے چلنے والا ہمارا ایک شعبہ ہے۔

تربیت افتاء:

کئی علماء کرام مفتی صاحب کی خدمت میں فتویٰ نویسی کی تربیت حاصل کرنے کے لئے حاضر ہوتے ہیں اور اُن کی نگرانی میں فتاویٰ لکھتے ہیں اور کچھ دوسرے مقامات پر بیٹھتے ہیں اوراصلاح کے لئے مفتی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں اور کچھ بیرونِ شہر اور بیرونِ ممالک میں رہتے ہوئے فتاویٰ تحریر کرتے ہیں اور اصلاح کی غرض سے فتاویٰ ارسال کرتے ہیں۔ ان کی مناسب اصلاح کے بعد فتویٰ ان کو واپس ارسال کر دیا جاتا ہے اوران تحریر شُدہ فتاویٰ پر تصدیق بھی فرماتے ہیں۔اسی طرح یہ سلسلہ جاری ہے اور کئی مفتیانِ کرام کو تحریری اجازت افتاء دی گئی ہے اور اُن کی دستارِ فضیلت بھی کی گئی ہے۔

دارالتحقیق والتصنیف "إدارةُ النُّور لإحياءِالْعلوم":

اس لائبریری میں قرآن وتفاسیر، کُتُب احادیث وشروحات، علومِ حدیث ،اسمائے رجال، فقہ واُصولِ فقہ، لغت، ادب، صرف، نحو، معانی، بیان، بدیع، تاریخ، تصوف سمیت متعدّد اسلامی موضوعات پر مشتمل ہزاروں کتابیں جمع کی گئی ہیں اوراس میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ، نادر ونایاب کُتُب اور قلمی مخطوط کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ یہ لائبریری شہر کراچی کی چند کثیر الکتب لائبریریوں میں سے ایک ہے، جس میں علماءِ کرام خصوصاً جو تحقیق سے وابستہ ہیں وہ اپنی ضرورت کے لئے اس لائبریری کا رُخ کرتے ہیں۔

شعبہ نشرواشاعت:

آج سے تقریباً تیس سال قبل جب متلاشیانِ علم اسلاف کی تحریروں کو تلاش کیا کرتے تو ایسے ماحول میں ماہانہ بنیادوں پر رسائل کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ شعبہ نشرواشاعت کے تحت اب تک مختلف موضوعات پر ۳۳۰ کے قریب کتابیں کئی لاکھ کی تعداد میں زیورِ طباعت سے آراستہ کرکے خواص وعوام کی خدمت میں پیش کی جاچکی ہیں اور الحمد للہ اس ادارے سے شائع ہونے والی کُتُب میں سے اکثر تو وہ ہوتی ہیں جو مستقل تصنیف ہوتی ہے یا کسی عربی یا فارسی کتاب کا ترجمہ ہوتا ہے جو پہلی بار شائع ہوتی ہے اور ان کُتُب میں وارد نُصوص کی تخریج کا اہتمام کیاجاتاہے اور ضرورت ہوتو حواشی بھی رقم کئے جاتے ہیں۔ پچھلے کئی سالوں سے شیخ الحدیث حضرت علّامہ مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب مدظلہ العالی اس میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے یاتو خود کچھ تحریر کرتے ہیں یا اپنے رابطے کے محققین، اسکالرز سے لکھواتے ہیں۔ ہر ماہ ایک کتاب، ہزاروں کی تعداد میں بذریعہ ڈاک پورے پاکستان میں ممبران کو مفت ارسال کی جاتی ہے۔

کنزالایمان کا پشتو زبان میں ترجمہ:

امامِ اہلسنّت سیّدی امام احمد رضاخاں فاضل ومُحدّثِ بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا شاہکار ترجمہ قرآن بنام ''کنزالایمان ''کا پشتو زبان میں پہلی مرتبہ ترجمہ بھی جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان کی ایک بہت بڑی کاوش ہے۔ بانی جمعیت اشاعتِ اہلسنّت پاکستان حضرت علامہ مولانا محمد عرفان قادری ضیائی مدظلہ العالی اور شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی کی دلچسپی اور کوشش سے اس کام کا آغاز ہوا اورالحمدللہ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ جس کے لئے پشتو زبان کے ماہرین علماء سے مسلسل رابطہ کرکے اس کا آسان اور عام فہم زبان میں ترجمہ کیا گیا۔ اس کے

بعد مزید اس حوالے سے بانی جمعیت اشاعت اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مدظلہ العالی اور شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی کی خواہش وکوشش سے صدر الافاضل حضرت علاّمہ مفتی سیّد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تفسیر قرآن خزائن العرفان کا پشتو زبان میں ترجمہ شروع کرایا جو کہ جاری ہے اور تقریباً اپنے اختتام پر ہے اور کمپوزنگ اور تصحیح کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

جلسے اور جلوس:

عوام الناس میں دینی شعور پیدا کرنے کے لئے اہم مذہبی ایام مثلاً بارہ ربیع الاول کے موقع پر سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، صحابہ واہل بیت اور گیارہ ربیع الثانی کے موقع پر حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یاد میں جلسے، نیز دیگر بزرگانِ دین کے ایام کے موقعوں پر اُن کی یاد میں خصوصی جلسے بھی منعقد کئے جاتے ہیں، جن میں اُن کی سیرت پر خصوصی روشنی ڈالی جاتی ہے۔

ہفتہ واری اجتماع:

۱۹۹۱ء ہی سے عوامُ النّاس کی اصلاح کے لئے ہر پیر کو بعد نمازِ عشاء رات تقریباً ایک گھنٹہ دورانیے کا "نور مسجد" کاغذی بازار میں ایک خصوصی اجتماع منعقد ہوتا رہا (اس اجتماع کو اب اتوار کو ختم قادریہ کی محفل کے ساتھ ضم کر دیا گیا ہے) جس میں متقدر اور مختلف علمائے اہلسنّت مختلف منتخب موضوعات پر گفتگو فرماتے ہیں۔ الحمدللہ شہر اور بیرونِ پاکستان سے تشریف لائے ہوئے بیشمار جیّد علماء کرام ان اجتماعات میں تقاریر فرما چکے ہیں۔

خوشگوار زندگی:

۲۰۰۹۲۰۰۹ء میں پہلی مرتبہ حضرت علامہ محمد عرفان ضیائی مدظلہ اور حضرت علامہ انیس برکاتی مدظلہ کی خصوصی دلچسپی سے مختصر وقت میں مکمل

قرآن مجید کا لفظ بہ لفظ ترجمہ اور مختصر تفسیر سے عوام الناس کو مستفیض کرنے کے لئے سردیوں کے موسم میں تقریباً چار مہینوں تک ایک نشست بعنوان ''خوشگوار زندگی'' منعقد کی گئی اور تاحال یہ سلسلہ جاری ہے جس میں مقتدر علماء کرام ملٹی میڈیا پروجیکٹر کی مدد سے روزانہ بعد نمازِ فجر ڈیڑھ گھنٹے تک قرآن کریم کا ترجمہ و تفسیر بیان کرتے ہیں جس سے مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین بھی استفادہ کرتی ہیں۔ چار ماہ کی قلیل مدت میں مکمل قرآن مجید کا یہ ایک مثالی دورۂ تفسیر القرآن ہے۔

محافل قصیدہ بردہ شریف:

۱۹۹۱ء میں ہی جمعیّت اشاعت اہلسنّت کے چند نوجوانوں نے سکھر کے مشہور عالم دین حضرت علاّمہ مولانا مفتی محمد حسین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے بعد پہلی مرتبہ ایک مجلس میں مکمل قصیدہ بردہ کا ختم شریف شروع کیا اور آج جمعیت کے تربیت یافتہ افراد کئی احباب گھر گھر اور مسجد مسجد قصیدہ بردہ شریف کی محافل منعقد کرتے ہیں۔

محفلِ ختم قادریہ:

۲۰۰۷ء سے ایک عظیم الشان روحانی ہفتہ واری مجلس بنام ''محفلِ ختم قادریہ'' عصر تا مغرب نور مسجد کاغذی بازار میں سجائی جاتی ہے۔ جس میں حضرت علاّمہ حافظ فاروق صاحب امجدی فاضل جامعۃُ النُّوراور نائب امام وخطیب نور مسجد (کاغذی بازار، میٹھادر) درس بھی دیتے ہیں اور اس میں خواتین و حضرات کی ایک بڑی تعداد شریک ہوتی ہے۔ مُجرّب وظائف، ختم قادریہ اور اللہ پاک کے مبارک صفاتی ناموں کے ذکر کے ساتھ اختتامی دعا روحانی محفل ہے جس سے سینکڑوں مسلمان فیض پاتے ہیں۔

محفلِ تہجد:

سن ۲۰۰۸ء بمطابق ۱۴۲۹ھ رجب المرجب کی پہلی شب جمعہ سے نور مسجد کاغذی بازار میں ایک منفرد محفل بنام محفلِ تہجد کا انعقاد کیا گیا۔ یہ محفل ماہِ رجب وشعبان کی ہر شب جمعہ (جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب) نمازِ فجر سے ایک گھنٹہ قبل سجائی جاتی ہے جس میں تلاوتِ قرآن پاک، ذکر ونعت، مناجات اور خصوصی دعائیں کی جاتی ہیں۔ اور الحمدللہ تاوقتِ تحریر جاری وساری ہے۔

شبِ بیداریاں:

عوام النّاس میں اعمالِ صالحہ اور اوراد ووظائف کی عادت کو راسخ بنانے کے لئے مختلف مواقع شبِ معراج النبی ﷺ، شبِ برأت، شبِ قدر، شبِ عاشورہ، شبِ میلاد مصطفی ﷺ اور بڑی گیارہویں شریف پر شب بیداریوں کا اہتمام بھی کیاجاتاہے جس میں ذکر واذکار، نعت خوانی وخصوصی دعا کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں خشیتِ الٰہی اور عشقِ مصطفی ﷺ کا جذبہ اُجاگر کیاجاتاہے۔

یومِ رضا:

امام اہلسنّت، مُجدّدِ دین وملّت، پروانۂ شمعِ رسالت الشاہ امام مولانا شاہ احمد رضاخان بریلوی علیہ الرحمۃ کی ذات بابرکات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لئے ہر سال ماہ صفر کے آخری ہفتے میں عرسِ رضا (یومِ رضا) انتہائی عقیدت و اہتمام سے منایاجاتاہے۔ یومِ رضا کے موقع پر اندرون وبیرونِ ملک سے تشریف لائے ہوئے علمائے کرام اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کرتے ہیں اوراُن کی سیرت پر روشنی ڈالتے ہیں۔

تربیتی نشست برائے عقائد واعمال:

عوامُ النّاس کو عقائد اہلسنّت کی تعلیم دینے اوران میں اعمال صالحہ کی پابندی کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً تربیتی نشستوں کا بھی اہتمام کیاجاتاہے

بالخصوص گرمیوں کی چھٹیوں میں ''سمر ویکیشن کیمپ'' میں طلباء اور طالبات کی ایک بڑی تعداد تربیت پاتی ہے جس میں قرآن وحدیث، فقہ وعقائد، سیرت واخلاق، قرآن وسنت اور عربی بول چال کے مختلف کورس پڑھا کر انہیں اسناد سے سرفراز کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف مواقع پر وقتاً فوقتاً مختلف شارٹ کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے مثلاً عربی لینگویج، تجوید وقراءت، تربیتِ نعت، تربیت تقاریر ودرس وغیرہ۔

تربیتی نشست برائے حجاجِ کرام:

سن ۱۹۹۱ء ہی سے حجاج کرام کو مناسکِ حج کی تربیت دینے کے لئے ہر سال ایک حج نشست کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جس میں قبلہ استاد محترم حضرت علامہ مولانا عرفان ضیائی صاحب مدظلہ ابتدائی سالوں میں تقریروں، ماڈل اور تصاویر کے ذریعے)اور پھر ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے ذریعے حجاج کرام کو مناسکِ حج اور حاضری مدینہ منورہ کے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہیں۔ تربیت کے آخری روز سوالاً جواباً نشست کا اہتمام ہوتا ہے۔۔ وصال سے پہلے تک پیر طریقت حضرت علّامہ سیّد شاہ تراب الحق قادری علیہ الرحمہ علمی مذاکرے کی صورت میں حج وعمرہ کے حوالے سے عوامُ النّاس کے درپیش مسائل کے جوابات عنایت فرماتے تھے۔

انٹرنیٹ کے ذریعے تبلیغ اسلام:

یہ بات روزِ روشن کی مانند ہے کہ آج کا دور ''الیکٹرانک میڈیا'' کا دَور ہے۔ اس کی طرف لوگوں کا رجحان روز بروز بڑھتا جارہا ہے۔ اس لئے فی زمانہ تبلیغ اسلام کے حوالے سے انٹرنیٹ کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ مختلف بدمذہب فرقے انٹرنیٹ کے ذریعے عوام الناس کو گمراہ کرنے میں مصروفِ عمل ہیں ان بدمذہبوں کی شرانگیزی سے آگاہی کے لئے ''جمعیّت اشاعت اہلسنّت پاکستان'' نے ایک انٹرنیٹ آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کمیٹی تشکیل دی ہے اور www.ishaateislam.net اور www.ishaateislam.org کے نام سے اپنی ویب سائٹ بھی بنائی ہے اس

ویب سائٹ پر ''جمعیّت اشاعت اہلسنّت پاکستان'' کے تمام پروگرامز براہِ راست نشر کئے جاتے ہیں۔ ساتھ ہی اشاعتی کُتب اور دیگر کُتب قارئین کے لئے پی ڈی ایف کی صورت میں موجود ہیں اور بدمذہب فرقوں کے حوالے سے مواد بھی موجود ہے۔ ساتھ ہی دیگر سوشل میڈیا کے ذرائع اختیار کرکے مسلکِ اہلسنّت کی ترویج جاری ہے۔

تربیتی اعتکاف:

ماہِ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں نور مسجد کاغذی بازار میں دس روزہ تربیتی اعتکاف کا اہتمام کیاجاتاہے جہاں ایک وقت میں سو سے زائد افراد کو دس دنوں تک عقائد واعمال کی تربیت دی جاتی ہے ۔ جیّد علماء کرام کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں جو قرآن وحدیث اور عقائد واعمال کی طویل نشستوں کے ذریعے تربیت دیتے ہیں نیز شب وروز اورادووظائف، ذکرونعت، مناجات ودعا کی روحانی مجالس سجائی جاتی ہیں۔

الحمدللہ ''جمعیّت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)'' کے تمام شعبے حضرت علامہ مولانامحمد عرفان ضیائی مد ظلہ کی سرپرستی میں بحسن وخوبی کام کررہے ہیں۔

ہم چاہتے ہیں:

ریفرنس لائبریری ،اِدارۃُ النُّور لِاِحیاءِالْعلوم، کووسعت دینا اوراس کوان شاءاللہ عزّوجلّ اہلسنّت کی سب سے بڑی تحقیقی لائبریری کاشرف حاصل کرنا۔

ایک عظیم الشان اشاعتی ادارے کا قیام جس کے ذریعے علمائے اہلسنّت کی کُتب شائع کرکے ساری دنیامیں پھیلائی جائیں۔

ایک ایسا وسیع وعریض قطعہ زمین حاصل کیاجائے جو فی الواقع ایک دارالعلوم کی ضروریات کے لئے کافی ہو، نیز اس کانصابِ تعلیم، کارکردگی اور اسنادعالمی سطح پر مسلم ومقبول ہوں۔

موجودہ تنظیم اور آئندہ کے منصوبہ جات پر ہونے والے اخراجات کے مستقل حل اور مالی طور پر خود کفیل ہونے کے لئے معاشی ذرائع کا حصول۔

قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں ارشاد ہوا:

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى (المائدۃ:۵/ ۲)

اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔ (کنز الایمان)

عالی مرتبت:

اگر آپ دنیاوی واُخروی کامیابی چاہتے ہیں... تبلیغ وترویج کے دینی فریضے کو ادا کرنا چاہتے ہیں... اپنے دین کی نشرواشاعت کے لئے مثالی اور عصر حاضر کے تقاضوں سے آگاہ مُبلّغین تیار کرنا چاہتے ہیں... صدقہ جاریہ میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو آگے بڑھئے اور فرمانِ الٰہی کے مطابق نیکی اور تقوی کے کاموں میں تعاون کے لئے ہمارا ساتھ دیجئے اور یقین رکھئے کہ "جمعیّت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)" سے تعاون کی صورت میں آپ رشد وہدایت کا جو مینارۂ نور قائم فرمائیں گے ایک دن اس کی ضیاء پاشیاں نہ صرف پاکستان بلکہ عالمِ اسلام کے گوشے گوشے کو منور کریں گی۔

فقط

حافظ محمد رضوان رضا قادری

جنرل سیکریٹری

جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان

021-32439799

۱۵ شعبان المعظم ۱۴۴۲ھ بمطابق ۳۰ مارچ ۲۰۲۱ء

...*...*...*...*...

❁❁❁❁❁

عرضِ مرتب

خرم محمود سرسالوی

معاصر سنی صحافت میں رسائل و جرائد کے حوالہ سے جمعیت اشاعت اہلِ سنت (کراچی-پاکستان) سے شائع ہونے والا ماہ نامہ "البقیع" اسلوب، پیش کش، موضوعاتی و علمی پیرایۂ بیان، نادر و نایاب رسائل کی اشاعت، عصری و وقتی ماحول کو مد نظر رکھتے ہوئے موضوع کا انتخاب وغیرہا کئی جہات سے منفرد ہے۔ یہ ماہ نامہ برسوں پہلے (تقریباً 1989ء) میں جاری ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے عروج کی منازل طے کرتا چلا گیا اور اب نوبت بایں جا رسید کہ اس کے قارئین کی تعداد ہزاروں تک پہنچ چکی ہے۔ ظاہر ہے ایسے میں تعدادِ اشاعت بھی ہزاروں میں ہو گی اور اب جب کہ اشاعت کو بتیس سال سے بھی زائد کا عرصہ بیت رہا ہے تو تعدادِ اشاعت لاکھوں میں ہو چکی ہو گی۔

☆

ایسے میں ضرورت تھی کہ ماہ نامہ مذکورۃ الصدر کا اشاریہ بنے تاکہ اہلِ علم آشنا ہوں کہ یہاں سے کن مصنفین کی، کون کون سی کتب، کن کن موضوعات پر شائع ہو چکی ہے۔

غالباً یہ دو ہزار سولہ کے اواخر یا سترہ کے اوائل کے کسی دن کی بات ہے کہ حضرت شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مد ظلہ العالی سے راقم السطور نے ماہ نامہ "البقیع" کے حوالے سے کچھ پوچھا تھا، مفتی صاحب نے اس کے اجرا وغیرہ کے بارے میں مختصراً بتایا۔ اسی دوران راقم السطور نے عرض کیا کہ ماہ نامہ "البقیع" کو جاری ہوئے کئی برس ہو چکے ہیں اس کا اشاریہ بنانا چاہیے تاکہ لوگوں کو پتا چلے کہ یہاں سے کیسی کیسی اعلیٰ کتب کی

اشاعت ہوئی ہے۔ مفتی صاحب نے فرمایا کہ یہ کام آپ ہی کرو اور یوں یہ اشاریہ سازی کا کام میرے سپرد ہو گیا، جسے میں نے فوری طور پر شروع کر دیا۔

☆

اشاریہ کو تین، بلکہ چار حصوں میں تقسیم کیا ہے اور اسلوب یہ اختیار کیا گیا ہے کہ:

(۱) پہلے سنین وار رسائل کا قدرے مفصل تعارف ذکر کیا ہے۔ جیسے کتاب کا نام (کتاب کا اصل نام اور اگر ترجمہ ہوا ہے تو مترجمہ نام بھی)، مصنف / مولف، مترجم، محقق، محشی وغیرہ۔ پھر اگر کتاب پر پیش لفظ، تقدیم یا تقریظ ہے تو پیش لفظ، تقدیم اور تقریظ لکھنے والے کا نام۔ اس کے بعد سنِ اشاعت، تعدادِ اشاعت اور تعدادِ صفحات وغیرہ۔ مثلاً اس طرح:

نام کتاب: دعوۃ إلی تیسیر الزواج
ترجمہ بنام: "شادی کو آسان بنائیں مگر کیسے؟"
مصنّف: ڈاکٹر ولید بن عبد القادر مصری
ترجمہ و تحشیہ: مولانا محمد دانش سعدی ازہری
نظر ثانی: شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی
پیشِ لفظ: شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی
مقدمہ: مولانا محمد دانش سعدی ازہری
سنِ اشاعت: ذیقعد ۱۴۴۲ھ / جولائی ۲۰۲۱ء
تعدادِ اشاعت: 4200
صفحات: 72

☆

(۲) اس کے بعد موضوعاتی اشاریہ ہے تمام رسائل کو مختلف موضوعات میں

تقسیم کر کے درج کیا گیا ہے۔ (موضوعات قائم کر کے ان کے تحت رسائل درج کرنے میں ہم نے اپنی حد تک کافی تفحص اور غور و فکر سے لیا جس میں بہر حال غلطی اور اصلاح کی گنجائش موجود ہے)۔ اس لیے مطلوبہ موضوع کے لیے "فہرست" پر نظر ڈال لی جائے تو مطلوبہ مواد کے بارے میں آگاہی ہو جائے گی۔ رسائل کے عنوانات کو ہم نے درج ذیل موضوعات میں تقسیم کیا ہے:

قرآنیات

حدیث

حجیتِ حدیث

عقائد و معمولات

کتبِ سیرت و میلاد

تذکرہ و سوانح

فضائل

مناقب

تصوف، اخلاق اور آداب

فقہیات

تاریخ

حج و عمرہ

رضویات

تنقیدات و تعقبات

ردِ بدمذہباں

ردِ قادیانیت

ردِ وہابیت و دیوبندیت

ردِ شیعیت و رافضیت

درسیات
نظمیات
اوراد و وظائف
متفرّقات

☆

(۳) بعدہ اشاریۂ اعلام ہے۔ اشاریۂ اعلام میں "سنین وار اشاریہ" میں درج شدہ اسما کا اندراج ہے۔ یعنی مصنف / مولف، مترجم، محقق، محشی ، مقرظ وغیرہ کسی بھی شخصیت کا نام کسی طور بھی درج ہے تو اسے اشاریۂ اعلام میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں تمام اعلام الف بائی ترتیب سے درج کیے گئے ہیں۔

☆

(۴) اس کے بعد ماہ نامے میں اب تک شائع ہونے والے رسائل کے سرورق رکھے ہیں۔ یہ منفرد اندراج اشاریہ کے قارئین کو اپنی طرف متوجہ کرے گا اور اشاریہ کو اور ماہ ناموں کے اشاریوں سے ممتاز کرے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

☆

شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مد ظلہ العالی اور تمام اراکین جمعیت کا مشکور ہوں کہ ماہ نامہ بقیع کے اشاریہ سازی کا کام نہ صرف میرے سپرد کیا، بلکہ اب اسے جمعیت کے مفت سلسلۂ اشاعت میں شائع بھی کر رہے ہیں۔ آخر میں عزیز دوست علامہ سیف اللہ ہزاروی صاحب کا بھی سپاس گزار ہوں کہ موصوف نے اشاریہ سازی میں بھرپور معاونت فرمائی۔ جزاکم اللہ فاحسن الجزاء۔

...*... ...*... ...*... ...*...

